2023年4月22日ジャング紙ラホール版2面

داتا دربار کی کار پارکنگ کو 13 سال بعد باقاعدہ فعال کر دیا، وزیر اوقاف

اپریل ، 2023 22

لاہور (خصوصی رپورٹر) صوبائی وزیر اوقاف و مذہبی امور سید اظفر علی ناصر نے داتا دربار کی بیسمنٹ میں وسیع و عریض کار پارکنگ کا افتتاح کیا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پارکنگ کو 13 سال کے بعد دوبارہ باقاعدہ فعال کر دیا گیا۔ 200 گاڑیاں بیک وقت پارک کرنے کی گنجائش ہے، اسکے فعال ہونے سے زائرین کے لیے اہم سہولت تک رسائی ممکن ہو سکے گی۔ دربارکی سکیورٹی کے سخت انتظامات کئے گئے ہیں جبکہ پارکنگ میں سکیورٹی اور سرویلنس کے لیے جدید آلات کی تنصیب کی گئی ہے۔ صوبائی وزیر نے کہا 13 سال پہلے ایک عبرتناک حادثہ پیش آیا جس کے بعد پارکنگ کو بند کرنا پڑا۔ اس موقع پر سیکرٹری اوقاف طاہر رضا بخاری اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔